جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں۔

اس کتاب کو یا اس کے کسی بھی حصّے، لے آؤٹ، مرکزی خیال اور اندازِ تحریر کو ادارے کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی حالت میں نہ تو شائع کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی نقل کیا جا سکتا ہے۔ ادارہ اس کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

AtlanticKids

# اسلامیات کی کتاب 2

...Since 1987

بولتی کتابیں®

Javed Publishers®

Licensed exclusively to publish in Pakistan.
2-Outfall Road, Lahore-Pakistan. +92 42 37239505
www.javedpublishers.com
Text copyright reserved with the publisher
Illustration copyright © 2020 Qaba Enterprises
All rights reserved
Manufactured in Lahore-Pakistan

سبق
1

# کلمہ شہادت

## مشق

ذرا سوچیں !
کیا آپ وضو کرنے کے بعد کلمہ شہادت پڑھتے ہیں؟
جواب: جی ہاں

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 شہادت کا کیا معنی ہے؟

جواب: شہادت کا معنی ہے ”گواہی دینا“۔

2 کلمہ شہادت میں کس بات کی گواہی دی گئی ہے؟

جواب: اس کلمے میں اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے اور حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ کے رسول ہونے کی گواہی دی گئی ہے۔

3 کلمہ شہادت کا ترجمہ لکھیں۔

جواب: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ ایک ہے۔ اُس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

ب دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

شہادت | دوسرا | شریک | رسول | عبادت

1 کلمہ شہادت ___دوسرا___ کلمہ ہے۔

2 اللہ کا کوئی ___شریک___ نہیں۔

3 حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اللہ کے ___رسول___ ہیں۔

4 اللہ کے سوا کوئی ___عبادت___ کے لائق نہیں۔

5 ___شہادت___ کا معنی ہے ''گواہی دینا''۔

د اعراب لگا کر رنگ بھریں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

سبق 2

# قرآنِ مجید

## مشق

**الف** ان آیات کا ترجمہ لکھیں۔

1 اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱﴾ سب طرح کی تعریف **اللہ** ہی کے لیے ہے جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔

2 الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ بڑا مہربان نہایت رحم والا۔

3 مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳﴾ انصاف کے دن کا حاکم۔

**ب** کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| الْمُسْتَقِيْمَ | پروردگار |
| الصِّرَاطَ | دن |
| رَبِّ | سیدھا |
| يَوْمِ | راستہ |

# سبق 3 پیارے نبی ﷺ کی پیاری دُعائیں

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 چھینک آنے کے وقت کی دُعا کون سی ہے؟

جواب: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

2 چھینک سُننے والا کون سی دُعا پڑھتا ہے؟

جواب: یَرْحَمُكَ اللّٰہُ

3 جب کسی کام کا ارادہ کریں تو کون سی دُعا پڑھنی چاہیے؟

جواب: اِنْ شَاءَ اللّٰہُ

4 جب کوئی اچھی چیز دیکھیں تو کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: مَا شَآءَ اللّٰہُ

ذرا سوچیں!
آپ اپنی روز مرّہ زندگی میں کون کون سی دُعائیں پڑھتے ہیں؟
جواب: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
یَرْحَمُكَ اللّٰہُ
مَا شَآءَ اللّٰہُ
اِنْ شَاءَ اللّٰہُ

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

رحم | دُعا | اللہ | چاہا

1 ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ہمیں ہر اچھّا کام کرنے کی ___دُعا___ سکھائی ہے۔

2 تمام تعریفیں ___اللہ___ کے لیے ہیں۔

3 اللہ تجھ پر ___رحم___ کرے۔

4 اگر اللہ نے ___چاہا___ ۔

ج کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ | اگر اللہ نے چاہا۔ |
| يَرْحَمُكَ اللّٰهُ | جو اللہ چاہے۔ |
| اِنْ شَآءَ اللّٰهُ | تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ |
| مَا شَآءَ اللّٰهُ | اللہ تجھ پر رحم کرے۔ |

سبق 4

# اللہ تعالیٰ

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 ہمارا خالق اور مالک کون ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ ہمارا خالق اور مالک ہے۔

2 اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون کون سی نعمتیں عطا کی ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے ہمیں زبان دی جس سے ہم بولتے ہیں۔ آنکھیں دیں جن سے ہم دیکھتے ہیں۔ اس نے ہمیں رہنے کے لیے گھر دیا۔ پیار کرنے والے ماں باپ اور بہن بھائی دیے۔

3 ہمیں کس کی عبادت کرنی چاہیے؟

جواب: ہمیں صرف اللہ کی عبادت کرنی چاہیے۔

4 ہم اللہ تعالیٰ کو کیسے خوش کر سکتے ہیں؟

جواب: ہمیں چاہیے کہ صرف اس کی عبادت کریں۔ اس کے ایک ہونے پر ایمان لائیں۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ اس کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں۔ ان تمام باتوں پر عمل کر کے ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کر سکتے ہیں۔

ذرا سوچیں !
آپ کو اللہ تعالیٰ نے کون کون سی نعمتیں دی ہیں اور کیا آپ ان نعمتوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں؟
جواب: جی ہاں

ب دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اللہ تعالیٰ | شریک | مخلوق | گھر | شکر |

1 ہم سب اللہ تعالیٰ کی ......مخلوق...... ہیں۔

2 کائنات میں موجود ہر چیز ......اللہ تعالیٰ...... نے بنائی ہے۔

3 اللہ تعالیٰ نے ہمیں رہنے کے لیے ......گھر...... دیا ہے۔

4 ہمیں اللہ تعالیٰ کا ......شکر...... ادا کرنا چاہیے۔

5 اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو ......شریک...... نہ ٹھہرائیں۔

ج درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1 اللہ تعالیٰ نے ہمیں تھوڑی سی نعمتیں عطا کی ہیں۔ ✗

2 اللہ تعالیٰ نے ہمیں زبان دی جس سے ہم بولتے ہیں۔ ✓

3 ہمیں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ ✓

4 اللہ تعالیٰ ہم سب سے بہت پیار کرتا ہے۔ ✓

5 ہمیں چاہیے کہ ہم صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ ✓

د نیچے دی گئی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بارے میں ایک ایک جملہ لکھیں۔



اللہ تعالیٰ نے ہمیں رہنے کے لیے گھر دیا۔



اللہ تعالیٰ نے ہمیں کھانے کے لیے مزیدار اور میٹھے پھل دیے۔



اللہ تعالیٰ نے سورج بنایا، جس سے ہمیں روشنی اور حرارت حاصل ہوتی ہے۔



اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیکھنے کے لیے آنکھیں دیں۔

سبق 5

# انبیاء کرام علیہم السلام

## مشق

الف) دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کیوں بھیجے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور راہنمائی کے لیے بہت سے انبیاء کرام علیہم السلام بھیجے۔

2 انبیاء کرام علیہم السلام کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: انبیاء کرام علیہم السلام کی تعداد تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے۔

3 تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنی زندگی کس طرح گزاری؟

جواب: انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنی زندگی انسانوں کی خدمت کرنے اور انھیں سیدھا راستہ دکھانے میں گزاری۔

4 چند انبیاء کرام علیہم السلام کے نام لکھیں۔

جواب: چند انبیاء کرام علیہم السلام کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) حضرت آدم علیہ السلام (۲) حضرت نوح علیہ السلام (۳) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۴) حضرت موسیٰ علیہ السلام (۵) حضرت داؤد علیہ السلام

5 کس نبی کو بنی اسرائیل کی ہدایت کے لیے بھیجا گیا؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کی ہدایت کے لیے بھیجا گیا۔

ب دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مصر | ہدایت | بہترین | معجزات | آخری |

1 اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور راہنمائی کے لیے بہت سے انبیاء کرام علیہم السلام بھیجے۔

2 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔

3 تمام انبیاء کرام علیہم السلام بہترین انسان تھے۔

4 حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر میں پیدا ہوئے۔

5 حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بہت سے معجزات عطا فرمائے۔

ذرا سوچیں !
پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک پڑھتے، سُنتے یا بولتے وقت ہمیں کیا پڑھنا چاہیے؟
جواب: صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمُ

ج درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 انبیاء کرام علیہم السلام کی تعداد ہے:

- ایک لاکھ بیس ہزار
- ◉ ایک لاکھ چوبیس ہزار
- ایک لاکھ تیس ہزار
- ایک لاکھ پچاس ہزار

2 حضرت موسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے:

- ◉ مصر میں
- عراق میں
- ایران میں
- شام میں

3 اللہ تعالیٰ کے حکم سے مردوں کو زندہ کر دیتے تھے:

- حضرت موسیٰ علیہ السلام
- ◉ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
- حضرت داؤد علیہ السلام
- حضرت سلیمان علیہ السلام

4 اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں:

- حضرت ابراہیم علیہ السلام
- حضرت موسیٰ علیہ السلام
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام
- ◉ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

د نیچے دیے گئے انبیاء کرام کے ناموں کو ان سے متعلقہ باتوں سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| حضرت موسیٰ علیہ السلام | مُردوں کو زندہ کرنا |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام | اللہ تعالیٰ کے آخری نبی |
| حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | مصر میں پیدائش |

سبق 6

# پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

**1** حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

**جواب:** ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ پیر کے دن 12 ربیع الاوّل کو عرب کے شہر مکّہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

**2** ''محمد'' کے کیا معنی ہیں؟

**جواب:** محمد کا معنی ہے ''جس کی سب سے زیادہ تعریف کی جائے۔''

**3** حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللہُ تعالٰی عَنْہا کے پاس گاؤں میں کتنا عرصہ رہے؟

**جواب:** حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللہُ تعالٰی عَنْہا کے پاس چار سال رہے۔

**4** حضرت عبدالمطلب کی وفات کے بعد حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی پرورش کا ذمّہ کس نے لیا؟

**جواب:** حضرت عبدالمطلب کی وفات کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی پرورش کا ذمّہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے چچا حضرت ابو طالب نے لیا۔

**5** حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کا بچپن دوسرے بچوں سے کیسے مختلف تھا؟

**جواب:** آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ بچپن ہی سے ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ہر کسی سے ادب واحترام سے پیش آتے۔ ہمیشہ صاف ستھرے رہتے اور اپنا کام خود کرتے۔

## ب دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قریش | آٹھ | آمنہ | اَدب واحترام | ابوا |

1 حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی والدہ کا نام حضرت ........آمنہ........ تھا۔

2 حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے قبیلے کا نام ........قریش........ تھا۔

3 مدینہ منّورہ سے واپسی پر حضرت آمنہ بیمار ہوگئیں اور ........ابوا........ کے مقام پر وفات پا گئیں۔

4 حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ہر کسی سے ........اَدب واحترام........ سے پیش آتے تھے۔

5 حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی عمر ........آٹھ........ سال ہوئی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے دادا حضرت عبدالمطلب بھی وفات پا گئے۔

## ج درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ پیدا ہوئے:

- جمعے کے دن
- پیر کے دن ⊙
- جمعرات کے دن
- ہفتے کے دن

ذرا سوچیں!
کیا آپ پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی پیاری باتوں پر عمل کرتے ہیں؟
جواب: جی ہاں

2 حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے والد کا نام تھا:

- حضرت عبداللہ ⊙
- حضرت ابو طالب
- حضرت زبیر
- حضرت عبدالمطلب

3 حضرت آمنہ کی وفات کے بعد حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی پرورش کا ذمّہ لیا:

- چچا نے
- نانا نے
- ◉ دادا نے
- ماموں نے

د کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ پیدا ہوئے | ادب واحترام کے ساتھ |
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کو گاؤں بھیج دیا گیا | بکریاں بھی چرائیں |
| حضرت آمنہ وفات پا گئیں | عرب کے شہر مکّہ مکرمہ میں |
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ہر کسی سے پیش آتے | حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے ساتھ |
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے بچپن میں | 'ابوا' کے مقام پر |

ہ نیچے دیے گئے واقعات کی ترتیب درست نہیں ہے۔ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی عمر کے حساب سے اِن واقعات کی ترتیب درست کریں۔

| | |
|---|---|
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی والدہ کا انتقال | حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے والد کا انتقال |
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے دادا کا انتقال | حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے پاس پرورش |
| حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے والد کا انتقال | حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کی والدہ کا انتقال |
| حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے پاس پرورش | حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے دادا کا انتقال |

سبق 7

# نماز

## مشق

ذرا سوچیں !
کیا آپ پانچ وقت کی نماز باقاعدگی سے پڑھتے ہیں؟
جواب: جی ہاں

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 نماز کو عربی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: نماز کو عربی زبان میں ''صلوٰۃ'' کہتے ہیں۔

2 نماز کیسی عبادت ہے؟

جواب: نماز ایسی عبادت ہے جس کے ذریعے انسان کا اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم ہوتا ہے۔

3 اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں نماز کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا کہ ''بے شک نماز مومنوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے۔''

4 حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نے نماز کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

جواب: نماز کی اہمیت کے متعلق حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

شُکر | فرض | معراج | رکن

1 نماز دینِ اسلام کا دوسرا .........رکن......... ہے۔

2 اللہ تعالیٰ کا .........شُکر......... ادا کرنے کا سب سے اچھا طریقہ نماز پڑھنا ہے۔

3 نماز پڑھنا ہر مسلمان پر .........فرض......... ہے۔

4 نماز مومن کی .........معراج......... ہے۔

ج درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 نماز دینِ اسلام کا رکن ہے:

- پہلا
- دوسرا ◉
- تیسرا
- چوتھا

2 ''صلوٰۃ'' کے معنی ہیں:

- دعا اور رحمت ◉
- امن و سلامتی
- خیر و برکت
- ہدایت و راہنمائی

3 اللہ تعالیٰ نے ہم پر نمازیں فرض کی ہیں:

- چار
- پانچ ◉
- چھ
- سات

4 نمازی جب نماز پڑھ رہا ہوتا ہے تو وہ:

- اپنے ربّ سے باتیں کرتا ہے۔ ◉
- اپنے ربّ سے شکایت کرتا ہے۔
- اپنے ربّ کی خدمت کرتا ہے۔
- اپنے ربّ سے وعدہ کرتا ہے۔

د نمازوں کی ترتیب درست کر کے لکھیں۔

مغرب ظہر فجر عشا عصر

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فجر | ظہر | عصر | مغرب | عشا |

سبق 8

# روزہ

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 صوم کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا معنی ہے؟

جواب: روزے کو عربی زبان میں ”صوم“ کہتے ہیں۔ صوم کا معنی ہے ”رُک جانا، باز رہنا“۔

2 روزے سے کیا مراد ہے؟

جواب: روزے سے مراد اذانِ فجر سے لے کر اذانِ مغرب تک کھانے پینے اور ان تمام کاموں سے رُکے رہنا ہے جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔

3 افطاری کسے کہتے ہیں؟

جواب: مغرب کی اذان ہونے پر روزہ کھول لیا جاتا ہے، اسے افطاری کہتے ہیں۔

4 مسلمان کس مہینے میں روزے رکھتے ہیں؟

جواب: مسلمان رمضان المبارک کے مہینے میں روزے رکھتے ہیں۔

5 لیلۃ القدر کسے کہتے ہیں؟

جواب: رمضان المبارک کے آخری دس دنوں میں ایک خاص رات ہے، جسے ”لیلۃ القدر“ کہتے ہیں۔

**ب** درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1 روزہ دین اسلام کا تیسرا رُکن ہے۔ ✓

2 روزے کی ابتدا ظہر کی اذان سے ہوتی ہے۔ ✗

3 رمضان المبارک کے مہینے میں ہر نیکی کا ثواب ستر گنا بڑھ جاتا ہے۔ ✓

4 عیدالاضحیٰ مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا انعام ہے۔ ✗

5 یہودی، ہندو اور بدھ مت کے ماننے والے بھی اپنے اپنے مذہب کے مطابق روزے رکھتے ہیں۔ ✓

ج درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 روزے کو عربی زبان میں کہتے ہیں:

- صلوٰۃ
- توحید
- ◉ صوم
- زکوٰۃ

ذرا سوچیں!
رمضان المبارک اسلامی سال کا کون سا مہینا ہے؟
جواب: نواں

2 رمضان المبارک کے مہینے میں ہر نیکی کا ثواب بڑھ جاتا ہے:

- ساٹھ گنا
- ◉ ستر گنا
- پچاس گنا
- چالیس گنا

3 مسلمان رمضان المبارک میں روزے رکھنے کے بعد ___یکم شوال___ کو عیدالفطر مناتے ہیں۔

- ◉ یکم شوال
- یکم شعبان
- یکم رجب
- یکم ربیع الاوّل

4 ___مسیحی___ مارچ اور اپریل میں روزے رکھتے ہیں۔


- یہودی
- ہندو
- بدھ مت
- ◉ مسیحی

5 مغرب ______ کی اذان ہونے پر روزہ کھول لیا جاتا ہے۔

- ظہر
- عصر
- (✓) مغرب
- عشا

د روزہ دین اسلام کا تیسرا رُکن ہے۔ دین اسلام کے باقی ارکان کے نام خانوں میں دیے گئے الفاظ کی مدد سے ترتیب وار لکھیں۔

| زکوٰۃ | حج | کلمہ شہادت | نماز |
| --- | --- | --- | --- |



سبق 9

# عیدین

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 مسلمان سال میں کتنی عیدیں مناتے ہیں؟

جواب: مسلمان سال میں دو عیدیں مناتے ہیں: ایک عیدالفطر اور دوسری عیدالاضحیٰ۔

2 عیدین کسے کہتے ہیں؟

جواب: عیدالفطر اور دوسری عیدالاضحیٰ کو عیدین کہتے ہیں۔

3 عیدالفطر کب اور کیوں منائی جاتی ہے؟

جواب: عیدالفطر رمضان کے روزے مکمل ہونے کی خوشی میں یکم شوال کو منائی جاتی ہے۔

4 عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟

جواب: عیدالاضحیٰ 10 ذوالحج کو منائی جاتی ہے۔

5 قربانی کے گوشت کے تین حصّے کن لوگوں میں تقسیم کیے جاتے ہیں؟

جواب: ایک حصّہ گھر والوں کے لیے، دوسرا حصّہ رشتہ داروں اور دوستوں کے لیے اور تیسرا حصّہ غریب لوگوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

ذرا سوچیں!
عید کے موقع پر آپ کس طرح غریب مسلمانوں کی مدد کرتے ہیں؟
جواب: ان کو اچھا کھانا کھلا کر۔

## ب دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

عیدِقربان | فرض | فطرانہ | تین | حضرت ابراہیم علیہ السلام

1 فطرانہ عیدالفطر کی نماز سے پہلے ادا کرنا ہر مسلمان پر ......فرض...... ہے۔

2 عیدالاضحیٰ کو ......عیدِقربان...... بھی کہتے ہیں۔

3 قربانی کے بعد جانوروں کے گوشت کے ......تین...... حصّے کیے جاتے ہیں۔

4 مسلمان غریب مسلمانوں کی مدد ......فطرانہ...... کی صورت میں کرتے ہیں۔

5 عیدالاضحیٰ ......حضرت ابراہیم علیہ السلام...... کی سنت پوری کرنے کے لیے منائی جاتی ہے۔

## ج کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| رمضان کے روزوں کے بعد | نئے کپڑے پہنتے ہیں۔ |
| مسلمان عید کے دن | کو عید گاہ کہتے ہیں۔ |
| نمازِ عید ادا کرنے کی جگہ | جانوروں کی قربانی کرتے ہیں۔ |
| مسلمان عیدالاضحیٰ پر | مسلمان عیدالفطر مناتے ہیں۔ |

د عیدالاضحیٰ کے موقع پر کن جانوروں کی قربانی کی جاتی ہے؟ ان کے نام لکھیں۔

گائے

دنبہ

بکرا

اونٹ

بیل

سبق
10

# پاکیزگی

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

ذرا سوچیں!
آپ اپنے ماحول کو صاف کرنے کے لیے کیا کرتے ہیں؟
جواب: میں اپنے گھر کو صاف رکھتی / رکھتا ہوں۔

1 پاکیزگی کا کیا معنی ہے؟

جواب: پاکیزگی کا معنی ہے "صفائی"۔

2 پاکیزگی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے: "اور اللہ تعالیٰ پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔"

3 پاکیزگی کا لازمی جزو کیا ہے؟

جواب: وضو پاکیزگی کا لازمی جزو ہے۔

4 حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نے پاکیزگی کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب: حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "پاکیزگی نصف ایمان ہے۔"

5 پاکیزگی اختیار کرنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: پاکیزگی اختیار کرنے سے نہ صرف اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے بلکہ ہماری صحت بھی اچھی رہتی ہے۔

ب درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | دین اسلام ہمیں پاکیزگی اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے۔ | ✓ |
| 2 | کوڑا کرکٹ گلی میں پھینکنا چاہیے۔ | ✗ |
| 3 | ہمیں صاف ستھرا لباس پہننا چاہیے۔ | ✓ |
| 4 | ہمیں روزانہ دو مرتبہ دانت صاف کرنے چاہییں۔ | ✓ |
| 5 | اللہ تعالیٰ پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ | ✓ |

ج پاک صاف رہنے کے دو فائدے لکھیں۔

1 پاک صاف رہنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

2 پاک صاف رہنے سے ہم صحت مند رہتے ہیں۔

د کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| پاکیزگی کا معنی | وضو کیا جاتا ہے۔ |
| وضو کے بغیر | نصف ایمان ہے۔ |
| ہمیں روزانہ | نماز قبول نہیں ہوتی۔ |
| پاکیزگی | صفائی ہے۔ |
| نماز ادا کرنے سے پہلے | غسل کرنا چاہیے۔ |

۵ صفائی سے متعلق باتوں کی شناخت کریں اور انھیں خالی جگہ پر لکھیں۔

- روزانہ غسل کرنا
- گندا لباس پہننا
- ہفتے میں ایک مرتبہ نہانا
- کوڑا کرکٹ کوڑے دان میں ڈالنا
- ناخن تراشنا
- اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا
- کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا
- کام کرنے کے بعد چیزوں کو ان کی جگہ پر واپس رکھنا
- کاغذ کے ٹکڑے گھر میں پھینکنا

روزانہ غسل کرنا

کام کرنے کے بعد چیزوں کو ان کی جگہ پر واپس رکھنا

کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا

ناخن تراشنا

اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا

کوڑا کرکٹ کوڑے دان میں ڈالنا

سبق 11

# دوسروں کا خیال رکھنا

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 کیا دینِ اسلام میں ہم سب کو ایک جیسے حقوق حاصل ہیں؟

جواب: دینِ اسلام میں تمام انسان برابر ہیں اور سب کو ایک جیسے حقوق حاصل ہیں۔

2 ہم سب کو آپس میں کس طرح رہنا چاہیے؟

جواب: ہم سب کو ایک دوسرے کے ساتھ پیار و محبت سے پیش آنا چاہیے۔ بڑوں کا احترام کرنا چاہیے۔ ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے اور آپس میں مِل جُل کر رہنا چاہیے۔

3 کن کن موقعوں پر قطار بنانا ضروری ہے؟

جواب: کلاس میں داخل ہوتے وقت، بس میں سوار ہوتے وقت اور سکول کی کینٹین میں چیز خریدتے وقت نہ صرف اپنی باری کا انتظار کرنا چاہیے بلکہ قطار بنا کر کھڑے ہونا چاہیے۔

ذرا سوچیں !
کیا آپ سکول کی کینٹین میں چیز خریدتے وقت قطار میں کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں؟
جواب: جی ہاں

4 اپنی باری کا انتظار کرنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: اس سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ شور نہیں ہوتا اور کسی سے جھگڑا بھی نہیں ہوتا۔

5 اچھّے مسلمان کی کیا نشانی ہے؟

جواب: اچھّے مسلمان کی نشانی یہ ہے کہ وہ ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھتے ہیں۔

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

السلام علیکم | اخلاق | پیار و محبت | مسلمان | احترام

1 ہم ........مسلمان........ ہیں۔

2 حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نے ہمیں آپس میں ........پیار و محبت........ سے رہنے کا درس دیا ہے۔

3 جب دوسروں سے ملیں تو ........السلام علیکم........ کہنے میں پہل کریں۔

4 ہمیں ہر مذہب کے تہواروں کا ........احترام........ کرنا چاہیے۔

5 ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ ........اخلاق........ سے پیش آنا چاہیے۔

**ج** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 ہم سب کو ایک دوسرے کے ساتھ پیش آنا چاہیے:

- نفرت سے
- ◉ پیار و محبت سے
- غصّے سے
- ناراضی سے


2 ہمیں کن لوگوں کی مدد کرنی چاہیے؟

- بزرگوں کی
- معذوروں کی
- نابینا لوگوں کی
- ◉ ان سب کی

3 ہمیں چاہیے کہ جب ہم دوسروں سے ملیں تو پہل کریں:

- خدا حافظ کہنے میں
- جزاک اللہ کہنے میں
- ◉ السلام علیکم کہنے میں
- ماشاء اللہ کہنے میں

د درج ذیل تصاویر کو غور سے دیکھیں اور ہر تصویر کے بارے میں ایک مناسب جملہ لکھیں۔



ہمیں ماں باپ کی خدمت کرنی چاہیے۔



مشکل وقت میں ایک دوسرے کی مدد
کرنی چاہیے۔



جب ایک دوسرے سے ملیں تو سلام
کرنے میں پہل کرنی چاہیے۔

سبق 12

# معافی مانگنا اور دوسروں کو معاف کرنا

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 ہماری کن باتوں سے دوسروں کو تکلیف پہنچتی ہے؟

جواب: ہماری جن باتوں سے دوسروں کو تکلیف پہنچتی ہے وہ یہ ہیں: کسی سے جھوٹ بولنا، بدتمیزی کرنا، کسی کا دل دُکھانا، کسی کے لیے بُرے الفاظ کا استعمال کرنا، کسی کا نام بگاڑنا، دوسروں کو دھکے دینا وغیرہ۔

2 اگر ہم سے کوئی ایسا عمل ہو جائے جس سے کسی کو تکلیف پہنچے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: اگر ہم سے کوئی ایسا عمل ہو جائے جس سے کسی دوسرے کو تکلیف پہنچے یا اس کا دل دکھے تو ہمیں اپنی غلطی مان کر فوراً اس سے معافی مانگ لینی چاہیے یا کوئی تحفہ دے کر اسے خوش کر دینا چاہیے۔

3 جب طائف کے لوگوں نے حضرت محمد ﷺ پر پتھر پھینکے تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟

جواب: آپ ﷺ نے ان کو معاف فرما دیا اور ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے ہدایت کی دعا فرمائی۔

4 آپس میں معافی مانگنے اور معاف کر دینے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: آپس میں معافی مانگنے اور معاف کر دینے سے تعلقات اچھّے ہوتے ہیں اور ایسے لوگوں سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

ذرا سوچیں!
اگر کسی کی غلطی سے ہمارا نقصان ہو جائے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
جواب: معاف کر دینا چاہیے۔

5 معافی مانگنا اور معاف کر دینا کیسا عمل ہے؟

جواب: معافی مانگنا اور کسی کو معاف کر دینا بہت اچھّا عمل ہے۔

ب درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1 دوسروں کے ساتھ بدتمیزی کرنے سے انھیں خوشی ملتی ہے۔ ✗

2 ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ دوسروں کو ان کی غلطی پر معاف فرما دیا کرتے تھے۔ ✓

3 ایک دوسرے کو بُرا بھلا کہنا بہت بُری بات ہے۔ ✓

4 اگر کسی سے لڑائی جھگڑا ہو جائے تو ہمیں ناراض رہنا چاہیے۔ ✗

5 معافی مانگنے والوں سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔ ✓

ج کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| جھوٹ بولنے سے | اپنے مسلمان بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے رکھے۔ |
| اگر ہم سے کوئی غلطی ہو جائے تو | دوسروں کو تکلیف پہنچتی ہے۔ |
| حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے طائف کے لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ سے | فوراً معافی مانگ لینی چاہیے۔ |
| کسی مسلمان کے لیے درست نہیں کہ وہ | ہدایت کی دعا فرمائی۔ |
| لڑائی جھگڑا کرنے والوں کو | کوئی پسند نہیں کرتا۔ |

د اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو آپ کیا کرتے ہیں؟




اگر مجھ سے کوئی غلطی ہو جائے تو میں اپنی غلطی مان کر فوراً

معافی مانگ لیتا / لیتی ہوں۔

سبق 13

# عدل و انصاف

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 دین اسلام ہمیں کیا حکم دیتا ہے؟

جواب: دین اسلام ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم زندگی کے تمام معاملات میں عدل وانصاف سے فیصلہ کریں اور کسی کے ساتھ زیادتی نہ کریں۔

2 اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں عدل و انصاف کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ''اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کروتو عدل کے ساتھ کیا کرو۔''

3 مدینہ منّورہ کی عورت کی چوری کا معاملہ کس کے سامنے پیش کیا گیا؟

جواب: اس عورت کی چوری کا معاملہ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا گیا۔

4 اگر کوئی نا انصافی کی بات کر رہا ہو تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: اگر کوئی ناانصافی کی بات کر رہا ہو تو اسے ایسا کرنے سے روکیں اور انصاف کرنے کی تلقین کریں۔

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| حضرت اسامہ بن زید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ | عدل و انصاف | حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ | برابر |
|---|---|---|---|

1 عدل و انصاف حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی خاص خوبی تھی۔

2 حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی عورت کی سفارش کی مگر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبول نہ کی۔

3 دین اسلام میں تمام انسان ____برابر____ ہیں۔

4 ہمیں چاہیے کہ ہم ہمیشہ ____عدل و انصاف____ پر قائم رہیں۔

ج درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| 1 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ساری زندگی عدل و انصاف سے کام لیا۔ | ✓ |
| 2 مدینہ منوّرہ کی ایک مال دار عورت نے چوری کی۔ | ✓ |
| 3 الزام ثابت ہونے پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔ | ✓ |
| 4 عورت کی سزا معاف کرانے کے لیے کسی نے سفارش نہ کی۔ | ✗ |